Surah Al-Hijr: 28 to 43

Surah Sad: 71 to 85

Surah Al-A'raf : 12 to 81

Surah Baqarah: 34

Al-Isra: 61 to 65

Surah Al-Kahf: 50

Surah Taha: 116

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝28

اور یاد کرو جب کہا تھا آپ کے رب نے فرشتوں سے کہ میں بنانے والا ہوں ایک بشر کو سنے ہوئے گارے کی کھنکھناتی مٹی سے

اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ۝71

جب کہا تھا آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے رب نے فرشتوں سے کہ میں بنانے والا ہوں ایک بشر ’ کو مٹی سے۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝29

پھر جب میں اسے پوری طرح درست کر دوں اور پھونک دوں میں اس میں اپنی روح میں سے تو گر پڑنا اس کے لیے سجدے میں

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝72

تو جب میں اس کو پوری طرح درست کر دوں ’ اور میں اس میں اپنی روح میں سے پھونک دوں تو تم گر پڑنا اس کے سامنے سجدے میں۔

فَسَجَدَ الْمَلٰۗىِٕكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝30

تو سجدہ کیا تمام فرشتوں نے مل کر

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۙ‏ 73

تو سجدہ کیا سب کے سب فرشتوں نے ' اکٹھے ہو کر۔

اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنَ مَعَ السّٰجِدِيۡنَ ۝ 31

سوائے ابلیس کے اس نے انکار کیا سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے

اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اِسۡتَكۡبَرَ وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝ 74

سوائے ابلیس کے ' اس نے تکبر کیا اور وہ کافروں میں سے ہو گیا۔

وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡٓا اِلَّآ اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰى وَاسۡتَكۡبَرَ ٭ وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝ 34

اور یاد کرو جب ہم نے کہا فرشتوں سے کہ سجدہ کرو آدم کو تو سب سجدے میں گرپڑے سوائے ابلیس کے۔ " " اس نے انکار کیا اور تکبرّ کیا۔ " " اور ہو گیا وہ کافروں میں سے

وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ قَالَ ءَاَسۡجُدُ لِمَنۡ خَلَقۡتَ طِيۡنًا ۝ 61

اور یاد کرو جب ہم نے کہا تھا فرشتوں سے کہ سجدہ کرو آدم کو تو ان سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہیں کیا) اس نے کہا کہ کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے پیدا کیا ہے مٹی سے

وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ كَانَ مِنَ الۡجِنِّ فَفَسَقَ عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوۡنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗۤ اَوۡلِيَآءَ مِنۡ دُوۡنِىۡ وَهُمۡ لَـكُمۡ عَدُوٌّ ؕ بِئۡسَ لِلظّٰلِمِيۡنَ بَدَلًا ۝ 50

اور یاد کرو جبکہ ہم نے فرشتوں سے کہا تھا کہ سجدہ کرو آدم کو تو انہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا) وہ جنات میں سے تھا چناچہ اس نے نافرمانی کی اپنے رب کے حکم کی تو کیا تم بناتے ہو اسے اور اس کی اولاد کو دوست میرے سوا درآنحالیکہ وہ تمہارے دشمن ہیں کیا ہی برا بدل ہے ان ظالموں کے لیے

وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰى ۝ ١١٦

اور (یاد کرو) جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا تھا کہ سجدہ کرو آدم ( علیہ السلام) کو ' تو ان سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے ' اس نے انکار کردیا

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝ 32

اللہ نے فرمایا :اے ابلیس کیا ہوا تجھے کہ تو نہیں ہوا سجدہ کرنے والوں کے ساتھ

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۭ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِيْنَ ۝ 75

اللہ نے فرمایا :اے ابلیس ! تجھے کس چیز نے روکا کہ تو اس کو سجدہ کرتا جسے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا ہے ؟ ' 'کیا تو نے تکبر کیا یا تو عالی مرتبہ لوگوں میں سے ہے ؟

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ 12

(اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کس چیز نے تمہیں روکا کہ تم نے سجدہ نہیں کیا ' جب کہ میں نے تمہیں حکم دیا تھا اس نے کہا میں اس سے بہتر ہوں ' مجھے تو نے بنایا ہے آگ سے اور اس کو بنایا ہے مٹی سے

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ 33

اس نے کہا : میرے لیے روا نہیں ہے کہ سجدہ کروں اس بشر کو جسے تو نے پیدا کیا ہے سنے ہوئے گارے کی کھنکھناتی مٹی سے

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۭ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ 76

اس نے کہا : میں اس سے بہتر ہوں ! ' مجھے بنایا تو نے آگ سے اور اس کو بنایا مٹی سے

قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۡ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ 62

اس نے (مزید) کہا کہ ذرا دیکھ تو اس کو جس کو تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے اگر تو مجھے مہلت دے دے قیامت کے دن تک تو میں اس کی پوری نسل کو قابو میں کر کے چھوڑوں گا سوائے بہت تھوڑے سے لوگوں کے

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝ 34

اللہ نے فرمایا : بس نکل جاؤ اس میں سے تم یقیناً مردود ہوچکے ہو

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝ 77ښ

اللہ نے فرمایا : نکل جائو یہاں سے ! اب تم مردود ہوگئے ہو۔

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝13

(اللہ تعالیٰ نے) فرمایا پس اتر جاؤ اس سے ' تمہیں یہ حق نہیں تھا کہ تم اس میں تکبر کرو ' پس نکل جاؤ ' یقیناً تم ذلیل و خوار ہو

وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝35

اور یقیناً تم پر لعنت رہے گی روز جزا تک

وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْٓ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ 78 ۝

اور اب تم پر میری لعنت رہے گی جزا اور سزا کے دن تک '

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝36

اس نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار ! مجھے مہلت دے اس دن تک جب یہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے

قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝79

اس نے کہا : پروردگار ! پھر مجھے مہلت دے ' اس دن تک جب یہ لوگ دوبارہ اٹھائے جائیں گے

قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰي يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝14

اس نے کہا (اے اللہ) مجھے مہلت دے اس دن تک جس دن انہیں (زندہ کر کے ) اٹھایا جائے گا۔

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝37

اللہ نے فرمایا (جاؤ ) تمہیں مہلت دے دی گئی

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝80

اللہ نے فرمایا : ٹھیک ہے تمہیں یہ مہلت دے دی گئی۔

قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝15

فرمایا (ٹھیک ہے جاؤ) تمہیں مہلت دی گئی۔

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝38

وقت معین کے دن تک

اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝81

‘ اس دن تک جس کا وقت طے شدہ ہے۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝39

اس نے کہا :اے میرے پروردگار ! چونکہ تو نے مجھے گمراہ کیا ہے میں یقیناً مزین کر دوں گا ان کے لیے زمین میں (دنیا کو) اور میں ضرور گمراہ کر دوں گا ان سب کو

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝82

اس نے کہا : پس تیری عزت کی قسم ! میں ان سب کو گمراہ کر کے رہوں گا۔

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝16

اس نے کہا (پروردگار ! ) تو نے جو مجھے (آدم کی وجہ سے) گمراہ کیا ہے تو اب میں لازماً ان کے لیے گھات میں بیٹھوں گا تیری سیدھی راہ پر۔

ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَاۗىِٕلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝17

پھر میں ان پر حملہ کروں گا ان کے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے ‘ اور ان کے دائیں اور بائیں جانب سے ‘ اور تو نہیں پائے گا ان کی اکثریت کو شکر کرنے والا۔

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝40

سوائے تیرے ان بندوں کے جن کو تو ان میں سے (اپنے لیے) خالص کرلے

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝83

سوائے ان میں سے تیرے ان بندوں کے جنہیں تو نے خالص کرلیا ہو۔ ’

قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝41

اللہ نے فرمایا کہ یہ ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچنے والا ہے

قَالَ فَالْحَقُّ ۡوَالْحَقَّ اَقُوْلُ ۚ ــ84

اللہ نے فرمایا : تو حق یہ ہے ' اور میں تو حق ہی کہتا ہوں۔ '

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ــ42

یقینا میرے بندوں پر تجھے کچھ اختیار نہیں ہوگا سوائے ان کے جو خود تیری پیروی کریں گمراہوں میں سے

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ــ43ڏ

اور یقیناً جہنم ہی ان سب کا موعود ٹھکانہ ہے

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ــ85

کہ پھر میں بھی بھر کر رہوں گا جہنم کو تجھ سے اور ان سب سے جو تیری پیروی کریں گے

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاۗؤُكُمْ جَزَاۗءً مَّوْفُوْرًا ــ63

اللہ نے فرمایا : جاؤ (دفع ہوجاؤ ! ) ان میں سے جو بھی تیری پیروی کریں گے تو یقیناً تم سب کی سزا جہنم ہوگی وافر سزا

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ــ64

اور تو پھسلا لے جس پر تیرا بس چلتا ہے ان میں سے اپنی آواز سے اور چڑھا لا ان پر اپنے سواروں اور پیادوں کو اور شریک بن جا ان کا مالوں میں اور اولاد میں اور ان سے (جو چاہے ) وعدے کر اور نہیں وعدہ کرتا ان سے شیطان مگر دھوکے کا

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ــ65

یقیناً میرے بندوں پر تجھے کوئی اختیار نہیں ہوگا اور کافی ہے تیرا رب بطور کار ساز

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۭ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ــ18

(اللہ تعالیٰ نے) فرمایا نکل جاؤ اس میں سے برے حال میں مردود ہو کر۔ ان میں سے جو تیری پیروی کریں گے تو میں (انہیں اور تم کو اکٹھا کر کے ) تم سب سے جہنم کو بھر کر رہوں گا۔